صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ ۔

مباحثات

بروز جمعرات 19 جون 1997

(بمطابق 13 صفر 1418 ہجری)

جلد 6	شمارہ 2

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔ تلاوت کلام پاک اوراس کا ترجمہ	1
2 ۔ معززاراکین کی رخصت	2
3۔ بجٹ پر عام بحث	3

صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 19 جون بمطابق 13 صفر 1418 ہجری صبح نو بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکرٹ ہدایت اللہ چمکنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۞ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞
وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۞ وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَھُمُ الْبَیِّنٰتُ ۭ وَاُولٰۗىِٕکَ لَھُمْ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۞ (سورہ آلِ عمران آیات ۱۰۵)

(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے اور تم میں ایک ایسی جماعت ہونی چاہئے جو لوگوں کو نیک اور اچھے کاموں کی طرف بلاتی رہے اور برائی سے روکتی رہے۔ اور یہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔ ان لوگوں کی طرح مت ہو جاو جو متفرق ہو گئے اور واضح حکم آنے کے بعد بھی اختلاف کرنے لگے ایسے لوگوں کے لئے بڑا عذاب ہے۔

معزز اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین اسمبلی نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جناب حبیب اللہ خان کنڈی صاحب نے از 16/6/1997 تا اختتام اجلاس' جناب ولی الرحمان خان صاحب نے 19/6/1997 to 20/6/1997' جناب وجیہہ الزمان صاحب نے 19/6/1997 to 20/6/1997 اور جناب سرنگزیب خان صاحب نے 19/6/1997 to 20/6/1997. Is it the desire of the House that leave may be granted to the Hon'able Members?

(The motion was carried.)

Mr. Speaker: Leave is granted.

جناب سپیکر: یو عرض مے ستاسو د معزز اراکین اسمبلئ په خدمت کښ کولو هغه دا چه نن Budget discussion شروع کیږی نو زه ستاسو په خدمت کښ رومبنے عرض دا کوم چه انشاء اللّٰه تعالٰی ټولو ممبرانو صاحبانو ته، چه چا٬چا خپل نومونه ورکړی دی، به بالکل د Relevant او د صحیح Discussion به پوره پوره موقعه ملاؤیږی چه هغوی په دے باندے څومره او څه Constructive خبرے کولے شی چه د هغے نه صوبے ته څه فائده اورسی نو انشاء اللّٰه ټولو ته به پوره پوره موقعه زه ورکوم- یو سوال مے درته دا هم دے چه یو سپیکر چه Speech کوی یعنی Discussion چه څوک کوی نو که ستاسو صلاح وی نو مونږه به یوه وعده پخپلو کښ اوکړو چه پوائنټ آف آرډر به څوک هم نه کوی، خواه که هغه د اپوزیشن والا ممبر ولاړ وی اوکه هغه د گورنمنټ والا ممبر ولاړ وی، هیڅ قسم له Interference به پکښ نه کوؤ- که تاسو ما سره دا Co-operation اوکړو نو دا به ستاسو ډیره ډیره مهربانی وی- پوائنټس بے شکه نوټ کوئ- سپیکر یا تقریر کونکے چه څه وائی، هغه تاسو نوټ کوئ او چه وخت راشی نو د هغے جواب ورکوئ- تاسو ما سره په دے خبره باندے اتفاق کوئ چه پوائنټ آف آرډر یا نور هیڅ قسم له Disturbance به نه وی؟

جناب احمد حسن خان: جناب سپیکر! تاسو ډیره ښه خبره اوکړه، انشاء اللّٰه

تعالٰی مونږ به ستاسو د خواهشاتو او د دے بنه حکم مطابق په دے باندے مکمل د عملدرآمد کولو کوشش کوؤ۔ اخبار سره تعلق لرونکی دوستان، د "کسوټی" اخبار د بندش په وجه باندے د پریس ګیلرئ نه بائیکاټ کړے دے نو که په دغه سلسله کښې د حکومتی بنچ نه څو دوستان د هغوی سره رابطه اوکړی او د هغوی خبره واوری او واپس راشی، نو ښه به وی۔ دے وخت کښې څو غالباً هغوی واپس نه دی راغلی۔

جناب بشیر احمد بلور (وزیر قانون): هغوی واپس راغلل۔

جناب احمد حسن خان: واپس راغلل، کیدے شی چه د هغوی ټوکن ګران وو او په دے وجه باندے هغوی واپس راغلی وی۔

جناب سپیکر: تاسو کښې بل چا څو څه خبره نه کوله؟ The Honourable Leader of the Opposition, Mr. Aftab Ahmed Khan Sherpao to please start with the discussion. Honourable Aftab Ahmed Khan Sherpao.

بجٹ پر عام بحث

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ (قائد حزب اختلاف): اعوذ باللّٰه من الشیطٰن الرّجیم۔ بسم اللّٰه الرّحمن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی جو تجاویز ہیں کہ اس بجٹ اجلاس میں تمام ممبران صاحبان ایک ضابطہ اخلاق کے تحت اس کارروائی میں حصہ لیں تو اپوزیشن کی طرف سے میں آپ کو مکمل یقین دہانی کا اعادہ کرتا ہوں۔ میری آپ سے دو دن پہلے بھی ملاقات ہوئی تھی اور ایسے ہی جذبات کا اظہار آپ نے بھی کیا تھا اور ہم بھی اسی جذبے سے کام لیکر آپ سے ضرور تعاون کریں گے۔ بجٹ پیش کیا جا چکا ہے اور آج اس پر Discussion کا پہلا دن ہے۔ چاہئے تو یہ تھا کہ پہلے دن حاضری زیادہ ہوتی کیونکہ پھر آہستہ آہستہ ممبران صاحبان تھک جاتے ہیں اور اس کی وجہ سے حاضری میں کمی ہوتی ہے لیکن پہلے دن سے حاضری کی کمی سے آثار کچھ ایسے نظر آتے ہیں کہ شاید ممبران صاحبان اس بجٹ میں اتنی دلچسپی نہیں لے رہے جیسی کہ لینی چاہئے تھی۔ میں آپ کی وساطت سے ابتدا ہی میں گورنمنٹ بنچز کو اس بات کا یقین دلاتا ہوں کہ ہم سب اس صوبے کی

بہتری، اس صوبے کی بھلائی اور اس صوبے کو خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں اور اس مقصد کیلئے جو بھی بات ہم کریں گے، وہ Constructive انداز میں ہوگی۔ اس سے ہم کوئی Political milage نہیں لینا چاہتے۔ جب ہم حکومت میں تھے تو اس وقت بھی ہم نے اسی نظریے اور اسی مقصد سے، ہمارے اپنے جو وسائل تھے ان کو بروئے کار لاتے ہوئے، اس صوبے کی بہتری کیلئے کام کیا ہے۔ اگر ایسی کوئی بات میری تقریر میں ہو جو کسی کو بری لگے یا ناپسند ہو تو میں اس کیلئے بہرحال پہلے سے معذرت چاہونگا کیونکہ بنیادی مقصد ایک ہی ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ ایک Constructive کردار ادا کریں۔ گو کہ میں نے اس دن چیف منسٹر، جو کہ فنانس منسٹر بھی ہیں، کی Speech بغور سنی تھی لیکن اس Speech میں اپوزیشن کے کردار یا اپوزیشن سے متعلق اس لحاظ سے کوئی ذکر نہیں کیا گیا تھا کہ صوبے کے حقوق کیلئے یا صوبے میں ہم اپوزیشن سے تعاون چاہتے ہیں۔ یہ ہم نے محسوس کیا ہے لیکن بہرحال چاہے تقریر میں ذکر ہو یا نہ ہو، ہم اپنا کردار ضرور ادا کریں گے۔ جناب سپیکر! شاید کہ میری تقریر ذرا طویل ہو لیکن مجھے امید ہے کہ آپ میرے ساتھ گزارہ کریں گے اور میں اس لحاظ سے بھی اپنی تقریر ذرا طویل کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اس موجودہ حکومت کا پہلا بجٹ ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ہمیں ابھی ایک سو پندرہ دن ہوئے ہیں، تو یہ بات ان کی درست ہے لیکن جو صورتحال ان چھ سات مہینوں میں ملک میں رونما ہوئی ہے، اس پر بات کرنا بھی بہت ضروری ہے تو اسلئے جو General economic situation ہے اس ملک کی اور لوگوں کی جو توقعات ہیں، اس پر میں پہلے بات کرنا ضروری سمجھتا ہوں اور اس کے بعد ہمارے جو صوبائی حقوق ہیں، اس پر بات کرونگا۔ اس کے بعد فیڈرل بجٹ پر جس کا اعلان ہوا ہے چونکہ اس کا اثر ہمارے صوبائی بجٹ پر بھی ہوتا ہے اور اس میں میں محترمہ بیگم صاحبہ کی اس تقریر کا جو انہوں نے 1995-96 میں اس اسمبلی میں کی تھی کہ مرکز کے بجٹ کا اثر اس صوبے پر بھی ہوتا ہے تو اس کا بھی میں ضرور ذکر کرونگا۔ اس کے بعد جو پراونشل بجٹ ہے، اس پر اور پھر Annual Development Programme ہے اور کچھ شعبے ہیں، میں ہر ایک شعبے میں جانا نہیں چاہتا لیکن کچھ شعبے ایسے ہیں جن سے اس صوبے کی بہتری ہو سکتی ہے، اس پر بات کرونگا اور جو Taxes propose کئے گئے ہیں ان پر۔ تو یہ خلاصہ ہے جن پر میں بات کرنا چاہتا ہوں۔ سب سے پہلے پانچ نومبر کو صدر مملکت نے قومی اور صوبائی اسمبلیوں کو Dissolve کیا اور یہ الزام لگایا کہ اقتصادی صورتحال بہت خراب تھی

اور میرے پاس اور کوئی راستہ نہیں تھا سوائے اس کے کہ میں اسمبلیوں کو Dissolve کر دوں اور انہوں نے یہ بھی کہا کہ اس Economy کو، یہ انہوں نے خود مجھے Dissolution کے بعد کہا--------

جناب احمد حسن خان: جناب سپیکر! انتہائی معذرت کے ساتھ، آپ کے حکم اور خواہشات کے برعکس یہ جرأت کر رہا ہوں کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کی جو تقریر ہے، وہ بہت ہی زیادہ اہم ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ پریس سے متعلق اکثر بھائی بائیکاٹ پر ہیں اور اس تقریر کو کوریج دینا اور حقیقی معنوں میں عوام تک پہنچانا حکومت اور میرے خیال میں اپوزیشن کے دوستوں کی یکساں خواہش ہے تو اس لحاظ سے میں یہ عرض کرونگا کہ کوئی بھی حکومت کا ذمہ دار آدمی، میں آپ سے بھی معذرت چاہتا ہوں اور اپنے لیڈر سے بھی اور تمام ایوان سے بھی معذرت چاہتا ہوں لیکن یہ بات انتہائی ضروری ہے کہ لیڈر آف دی اپوزیشن کا جو خیال ہے، وہ عوام کو صحیح سپرٹ میں پہنچایا جائے تاکہ پریس سے تعلق رکھنے والے تمام صحافی حضرات اور دوست موجود ہوں۔

جناب بشیر احمد بلور (وزیر قانون و پارلیمانی امور): سپیکر صاحب! احمد حسن خان ٹھیک خبره اوکړله خو مونږ دا وايو چه هغوی راغلی دی خو مونږ ته چا دا نه دی وئیلی چه څوک پاتے هم دی۔ لاړ به شم، زه به ورسره خبره اوکړم، انشاء الله هغوی به راولو۔

جناب سپیکر: تاسو ورشئ، ورسره خبره اوکړئ۔ هسے احمد حسن خان پکار ده، دا خو Traditions دی چه پریس والا سره خبره اوکړی۔ نور انشاء الله تعالٰی مونږ سره دا هر څه ریکارډ کیږی۔ ټول پریس والا ته به نے زه ورکړم Don't worry about that.

جناب آفتاب احمد خان شیرپاؤ: Thank you very much, Mr. Speaker. د دے باوجود هم به خپل ملګری ته دا ضرور وایمه چه Traditions د دے هاؤس دا دی چه لیډر آف دی هاؤس او لیډر آف دی اپوزیشن خبرے کوی نو په هغے کښې څوک Disturbance هسے هم نه کوی نو خپل ملګری ته هم زه په دے باندے ضرور ټوک ورکومه۔ جناب سپیکر! تسلسل میں تھوڑا سا خلل پیدا ہوگیا تھا تو فاروق لغاری صاحب نے یہ بات بذات خود مجھ سے کہی تھی Dissolution کے

دوسرے تیسرے دن کہ جی اقتصادی صورتحال بہت خراب ہے اور اسے سرجری کی ضرورت ہے اور اس کی سرجری کیلئے بیرون ملک سے ڈاکٹر منگایا گیا ہے شاہد جاوید برکی کی شکل میں کیونکہ ملکی جتنے بھی اقتصادی ڈاکٹر تھے، ان پر انہیں یقین نہیں تھا، اسلئے شاہد جاوید برکی کو باہر سے لایا گیا ہے اور وہی اس معیشت کو ٹھیک کریں گے اور یہ بھی کہا کہ دو تین مہینے کے اندر اندر اس اکانومی کے اثرات مثبت طور پر لوگوں کے سامنے آجائیں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ کیا شاہد جاوید برکی نے یہ سرجری صحیح کی ہے یا وہ سرجری کرکے چلا گیا اور بیمار، بیمار ہی رہ گیا؟ بلکہ اس کے درد میں مزید اضافہ ہوگیا اور جس چیز کا اسے علاج کرنا تھا، وہ علاج نہیں کرسکا کیونکہ اس کے پاس سرجری کے جو Equipments تھے، وہ صرف Short terms کیلئے تھے۔ انہوں نے اس معیشت میں Short terms loaning کرکے High interest rate پر Borrowing کرکے تین مہینے کے اندر لکہ پہ پښتو کښې چه څنګه وائی "چه څادر نے وځنډو او د دے ملک نه واپس لاړو"۔ اس اثنا میں گورنمنٹ میڈیا نے ایک میڈیا ٹرائیل شروع کیا مسلسل تین مہینے تک کہ اکانومی خراب ہے، یہ ہوا ہے وہ ہوا ہے، لوٹ مار ہوئی ہے، یہ سب کچھ وہ مسلسل کہتے رہے، داستانیں بھی سناتے رہے اور اسی اثنا میں ملک میں الیکشن ہوئے اور ایک پارٹی آئی، میں اسے "اتحاد" کہونگا، ان کو بھاری مینڈیٹ ملا اور اتنا بھاری مینڈیٹ ملا کہ جس کی توقع شاید ان کو بھی نہیں تھی۔ اس وقت بھی ہمارا یہ خیال تھا اور میں نے اپنی دو تین تقریروں میں یہ کہا بھی تھا کہ اس بھاری مینڈیٹ سے آپ خوش تو ضرور ہوئے ہوں گے لیکن اس کی ذمہ داری سنبھالنا اتنا آسان نہیں کیونکہ لوگوں کی Expectations بہت زیادہ بڑھ گئی تھیں۔ ملک میں یوفوریا قائم ہوا، سٹاک مارکیٹس اوپر گئیں۔ نواز شریف صاحب نے ٹی وی پر آکر لوگوں کی جو امیدیں تھی، ان کو مزید بڑھا دیا اور ساتھ ہی ساتھ لوگوں سے کہا، کیونکہ لوگوں نے انہیں بھاری تعداد میں ووٹ دیئے تھے، کہ آپ مزید قربانی دیں اور Debt Retirement کیلئے پیسے دیں۔ وہ سلسلہ بھی کچھ حد تک چلا اور ٹی وی پر بھی روزانہ دکھاتے رہے کہ Debt Retirement کیلئے پیسے دیئے جا رہے ہیں۔ آخر میں سرتاج عزیز صاحب نے کہا کہ دو سو پچاس ملین ڈالرز ٹوٹل اس میں جمع ہوئے ہیں اور یہ Debt Retirement کی طرف ہی جائیں گے۔ اسی اثنا میں ملک میں ایک آفت آئی، پاکستان بننے کے بعد آٹے کا اتنا بڑا Crisis کم از کم مجھے یاد نہیں کہ ایسا کوئی Crisis آیا ہو۔ غریب بچے اور ان کی مائیں بغیر کچھ کھائے وقت

گزارتے رہے اور حالات اتنے بگڑے کہ سات اپریل کی جو پوزیشن تھی، اگر وہ دو تین دن اور اسی طریقے مسلسل چلتی رہتی تو شاید اس ملک میں انارکی آ جاتی اور 'Have' اور 'Have nots' کے درمیان ایک ایسا سلسلہ چل پڑتا جو ملک کو تباہی کی طرف لے جاتا۔ اس پر مختلف بیانات آتے رہے، ہمارے Interior Minister نے کہا کہ یہ غلطی Care takers کی ہے، فیڈرل فوڈ منسٹر صاحبہ نے کہا کہ نہیں، یہ پیپلز پارٹی کی حکومت کی غلطی ہے لیکن ہم نے اس سے کوئی Political milage یا Advantage لینے کی کوشش نہیں کی کیونکہ یہ غریبوں کے پیٹ کا مسئلہ تھا اور اس کے نتائج ملک کیلئے سنگین ہوتے البتہ یہ ضرور ہم نے کہا کہ اس کی High level پر انکوائری کی جائے اور جن وجوہات کی بنا پر یہ Crisis ملک میں پیدا ہوا ہے، اس کی نشاندہی کی جائے اور ان لوگوں کے خلاف ایکشن لیا جائے لیکن تاحال اس پر کچھ عمل نہیں ہوا۔ جنہوں نے غلطی کی ہے اور جنہوں نے اس آٹے کے Crisis سے فائدہ اٹھایا ہے، یا وہ مل مالکان یا وہ شخصیات جنہوں نے اس سے فائدہ اٹھایا ہے، ان سب کی نشاندہی بہت ضروری تھی کیونکہ اس سے عوام اور ملک کو جو نقصان پہنچا ہے تو یہ زخم کم از کم میں یہ سمجھتا ہوں کہ لوگ اسے مدتوں تک یاد رکھیں گے۔ اس ملک میں ایک وقت ایسا بھی آیا کہ لوگ بھوکے سوئے، چاہے ان کے پاس پیسے تھے یا نہیں تھے لیکن آٹے کی فراہمی نہیں تھی۔ وزیر اعلیٰ صاحب نے اس دن اپنی Speech میں کہا کہ "The crisis is over", میں سمجھتا ہوں کہ آٹے کا یہ Crisis ابھی ختم نہیں ہوا، یہ دوبارہ آئے گا اور زیادہ زور و شور سے آئے گا اور اس سے لوگوں کو یا اس ملک کو جو نقصان پہنچے گا، اس کا سدباب کرنا بہت ضروری ہے۔ جناب سپیکر! کہا جا رہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں بہت زیادہ قرضے لئے گئے جس نے معیشت کو تباہ کر دیا ہے۔ اگر میں تفصیل میں جاؤں گا تو بہت ٹائم لگے گا کہ آیا یہ قرضے ایک حکومت کے دور میں لئے گئے ہیں یا یہ قرضے ہماری پچاس سالہ آزادی کے Accumulative effects ہیں۔ تیس بلین ڈالرز کا ہمارا جو قرضہ ہے تو یہ ہم نے تین سالوں میں نہیں لیا ہے بلکہ ہمیں تو اس بات کی خوشی ہے کہ ہمارے دور میں ایک بلین ڈالرز واپس کئے گئے ہیں تو جناب، یہ ایک Accumulative effect ہے اور میں آپ کو USSR کی ایک مثال دے سکتا ہوں کہ وہاں جب گورباچوف حکومت میں آئے تو گو کہ گورباچوف ذہین شخصیت اور ایک Political Human being تھے اور وہ ساری بات کو سمجھتے تھے لیکن اگر USSR segment ہو گیا

تو اسکی بنیادی وجہ یہ تھی کہ ان کی اقتصادی صورتحال بہت خراب ہو گئی تھی اور وہ Accumulative Effect تھا۔ اسی طریقے سے یہ تیس بلین ڈالرز جو ہیں، تو یہ سالہا سال سے چلے آ رہے ہیں۔ یہ قرضے ہم نے جو لئے تو اس سے فائدہ اس ملک کو پہنچا کیونکہ قرضہ جو لیتا ہے تو وہ یہ کوشش کرتا ہے کہ یہ قرضہ بھی واپس کر دیا جائے اور ملک کو کچھ فائدہ بھی پہنچے۔ وہ فائدہ پہنچا ہے یا نہیں، یہ ایک الگ بات ہے لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ فائدہ نہیں پہنچا۔ میرے پاس اعداد و شمار بھی ہیں کہ نوازشریف صاحب کے پچھلے دور حکومت میں ان قرضوں میں 2.6 بلین ڈالرز کا اضافہ ہوا اور ہمارے پچھلے دور حکومت میں 2.2 بلین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا تو اس چیز کو سامنے رکھیں ۔ ہم تو بار بار یہ کہتے ہیں کہ ہاؤس میں یا ہاؤس سے باہر اگر بیانات دیئے جائیں تو اعداد و شمار کے ساتھ دیئے جائیں تاکہ پھر ہم بھی اعداد و شمار کے ساتھ آپ کو مثبت جواب دے سکیں کہ بھئی، یہ یہ آپ نے غلطیاں کی ہیں اور یہی طریقہ ہوتا ہے لیکن Sleeping statements بنانا کہ یہ تباہی وغیرہ ہوئی ہے تو اسے میں صحیح نہیں سمجھتا۔ نواز شریف صاحب نے پچھلے دور حکومت میں انحصار کیا Domestic borrowing پر اور Expenditure meet کرنے کیلئے بینکوں سے Borrowing کی اور اس سے یہ ہوا کہ افراط زر میں بھی اضافہ ہوا اور جب نواز شریف صاحب کی پچھلی حکومت ختم ہوئی تو اس وقت ہماری National Growth Rate 2. 3 percent تھی اور آپ کو یاد ہو گا کہ معین قریشی صاحب نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ I have inherited a bad economy تو اس وقت یہ صورتحال تھی اور اب جبکہ ہماری حکومت کا خاتمہ ہوا ہے تو میں کچھ چیزیں ضرور آپ کے سامنے پیش کروں گا اور اگرکسی کو اختلاف ہو تو وہ ضرور اس کا Rebuttal کرے۔ ہمارے تین سالہ دور میں، میں نیشنل سطح کی بات کر رہا ہوں، جب Last Budget پیش کیا جا رہا تھا تو اس وقت National growth 6. 3 percent تھی اور ان Figures کو آئی۔ ایم۔ ایف نے بھی Contradict نہیں کیا۔ اس کے بعد نومبر تک ہماری حکومت تھی تو یہی Growth تھی۔ تین مہینے Caretakers کے اور اس کے بعد ابھی جو صورتحال ہے اور فنانس منسٹر نے جو کہا کہ یہ 3.1 percent پر پہنچ گئی ہےتو اس کی مجھے کوئی پروا نہیں ہے۔ ہاں البتہ اس کی ضرور انکوائری کرائی جائے کہ جو اعداد و شمار یا جو Figures ہم بتا رہے ہیں، اگر ان میں کوئی غلطی ہے تو قوم کو بتایا جائے کہ یہ Figures facts تھے یا غلط تھے یا اب جو Figures سرتاج عزیز صاحب بتا رہے ہیں، یہ

غلط ہیں؛ کیونکہ آگے چل کر میں ضرور بتاؤں گا کہ انہوں نے اپنے سامنے Targets رکھے
ہیں کہ یہ Targets ہم اس سال Achieve کرینگے۔ اگر National growth 3.1
percent ہے تو یہ پھر ایک سال کے اندر 6 percent تک نہیں پہنچ سکتی۔ لہٰذا جو
Figures وہ بتا رہے ہیں' وہ غلط ہیں وہ صحیح نہیں ہیں۔ باقی جو انہوں نے کہا کہ
Inflation rate کو میں اس سطح پر لے آؤں گا تو میں اس پر بھی بات کرونگا' لیکن وہ
یہ Targets achieve نہیں کر سکتے اگر اتنی خراب Economy ہو۔ اس کے برعکس میں
آپ کو ایک چھوٹی سی مثال انڈیا کی دیتا ہوں کہ وہاں پر ان کے Foreign
Exchange Reserves 28 Billion Dollars ہیں۔ Poverty line کے نیچے جو طبقے
ہیں یعنی انڈیا میں جو Poverty Elevation ہے' وہ تقریباً 50 percent ہے لیکن
ان کے Reserves 28 بلین ڈالرز کے ہیں۔ وہاں Inflation rate 6% ہے اور GDP کا
جو Deficit ہے وہ One percent ہے اور یہاں ان پانچ چھ مہینوں کی جو صورتحال ہے
وہ بھی آپ کے سامنے ہے۔ جب ہماری حکومت ختم ہوئی تو اس وقت Bank
borrowing تقریباً 48 بلین تھے اور اب اس سال کے آخر تک یہ Bankborrowing
100 billion تک پہنچ چکے ہیں۔ Deficit 6 percent سے زیادہ بڑھ گیا ہے۔ ریونیوز میں
چونکہ سرتاج عزیز صاحب نے مختصر مدت میں مختلف Reforms کی ہیں اور ٹیکس ریفارمز
بھی کی ہیں جس کی وجہ سے ہمارے ریونیوز کی Collections میں 60 بلین کی کمی
واقع ہوئی ہے۔ Trade deficit جو سرتاج عزیز صاحب خود مانتے ہیں وہ تقریباً 3.6 بلین
ڈالرز ہیں تو ان اعداد و شمار کو سامنے رکھتے ہوئے آیا جو توقعات لوگوں کی اس موجودہ
حکومت سے تھیں کیا وہ اب بھی وہی توقعات رکھ سکتے ہیں۔ یہاں کی صورتحال اور
دیہاتوں میں اور گلی کوچوں میں جو صورتحال ہے وہ مختلف ہے۔ Disparity اتنی بڑھ
گئی ہے کہ ایک Divide پیدا ہو گئی ہے Between the 'Haves' and the 'Have
Nots' ' لوگ Two ends کو meet نہیں کر سکتے۔ آپ پانچ نومبر اور آج کی Prices
لیں' چاہے وہ آٹے کی ہیں یا دوسری اشیاء کی' میرے پاس یہاں پر اعداد و شمار موجود
ہیں جن میں فائن اور نارمل آٹا' شوگر اور گھی کی Prices ' سوئی گیس اور بجلی کے نرخ'
سب میرے پاس موجود ہیں' ان میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور اب لوگ Basic
human needs کیلئے ترس رہے ہیں۔ کیا موجودہ جو دو بجٹ پیش ہوئے ہیں' وہ ان
Basic human needs کو اور اس Deprivation کو Cater کر سکتے ہیں؟ یہ ایک سوال

ہے اور اس پر ہم سب کو سوچنا چاہئے۔ یہ صورتحال تھی اس ملک کی جس پر میں نے آپ کے سامنے ایک خلاصہ پیش کیا ہے۔ جناب سپیکر! میں فیڈرل بجٹ سے پہلے صوبائی حقوق پر ایک دو باتیں ضرور کرنا چاہوں گا کیونکہ ہمارے چیف منسٹر صاحب نے اپنی Budget speech میں کہا ہے کہ صوبائی حقوق کا مکمل تحفظ کیا جائے گا اور انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کو ہم تسلیم کرتے ہیں تو ہمیں تعجب ہوا اور اتفاق سے آج صبح میں اخبار "پاکستان" پڑھ رہا تھا تو اس میں مینگل صاحب کا بیان آیا ہے اور انہوں نے آن دی فلور آف دی ہاؤس این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کو Criticize کیا ہے اور کہا ہے کہ "این۔ ایف۔ سی ایوارڈ اور صوبوں کی گرانٹس میں کمی پر تنقید۔ این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کے تعین میں وفاقی حکومت نے حقیقت پسندانہ انداز اختیار نہیں کیا"۔ یہ آج کا بیان ہے جو انہوں نے آن دی فلور آف دی ہاؤس دیا ہے۔ جہاں تک میرے علم میں ہے تو باقی تینوں صوبوں نے اس ایوارڈ کو تسلیم نہیں کیا ہے۔ بیگم صاحبہ کا بھی اس پر ایک بیان ہے لیکن وہ 27 جنوری کا ہے۔ نگرانوں کو این۔ ایف۔ سی ایوارڈ جیسے حساس معاملات چھیڑنے کا کوئی حق نہیں۔ اختر مینگل صاحب کا ایک اور بیان بھی ہے۔ صابر شاہ صاحب کا بھی بیان ہے کہ "سرحد کیلئے رکھے گئے فنڈز ناکافی ہیں۔ وسائل کی تقسیم میں صوبوں کی پسماندگی اور مخصوص حالات کو بھی پیش نظر رکھنا چاہئے تھا۔ نئے این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کا اعلان عجلت میں کیا گیا ہے"۔ یہ صابر شاہ صاحب کا بیان ہے۔ اجمل خٹک صاحب کا بھی بیان ہے کہ "نگرانوں کے اعلان کردہ این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کو ہم تسلیم نہیں کرتے"۔ یہ بیانات میں نے صرف اپنے معزز لیڈروں کے پڑھ کر سنائے ہیں کہ این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کے بارے میں انکے کیا خیالات ہیں۔ مجھے تو افسوس اس بات کا ہے کہ نگران حکومت نے اس ایوارڈ کا اعلان کیا کیوں، خصوصاً جبکہ الیکشن ہو چکے تھے There was a PrimeMinister in waiting اور تین دن کے بعد انہوں نے Oath لینا تھا تو کیا ضرورت تھی اس ایوارڈ کے اعلان کی۔ کیا اسے منتخب لوگوں کے سپرد نہیں کرنا چاہئے تھا؟ جب باقی اقتصادی بوجھ صدر صاحب نے موجودہ حکومت کے کاندھوں پر ڈال دیا تھا تو اسے کیوں اپنے ذمے لیا، اسے بھی منتخب وزیر اعظم کے کاندھوں پر کیوں نہیں ڈالا۔ یہ ایک عجیب سوال ہے جس کا مجھے کوئی Constitutional جواز نظر نہیں آتا کہ یہ اعلان کیوں کیا گیا۔ سب لیڈروں نے اس پر بیانات دیے ہیں اور ہم نے بھی دیے ہیں کہ یہ نہیں ہونا چاہئے تھا۔ یہاں اس کے لئے صوبائی سطح پر ایک کمیٹی بھی بنائی گئی

ہے جس نے اپنی Recommendations دی ہیں۔ اخبارات اور ادھر ادھر سے جو میں سمجھ سکا ہوں تو وہ Recommendations میں نے Collect کی ہیں اور میں وہی بات کروں گا۔ ہمیں تو اس بات کا افسوس ہے اور اس وقت میں نے یہ بات کی بھی تھی جب اس ایوارڈ کا اعلان ہوا تھاکہ اس میں اب آپ Change نہیں کر سکتے کیونکہ یہ Presidential Proclamation ہے تو جواب آیا کہ نہیں ہم اس میں Change کر سکتے ہیں اور شاید اس کمیٹی نے Recommendations بھی دی ہونگی اور اس پر غور بھی کیا ہو گا کہ یہ کیسے Change کیا جا سکتا ہے۔ اگر کیا جا سکتا تھا تو یہ ایوارڈ آپ اسمبلی میں پیش کر دیتے، یہاں Lay کر دیتے اور اپوزیشن کو بھی ساتھ شامل کر لیتے۔ اس کمیٹی میں اپوزیشن کے ایک ممبر کو بھی لے لیتے تو جیسے میں نے پہلے کہا کہ Political milage کیلئے نہیں بلکہ صوبے کی بہتری کیلئے اس میں شائد ہم بھی کچھ تجاویز دے سکتے جس سے حکومت کے بازو زیادہ مضبوط ہو جاتے اور یہی بیگم صاحبہ نے اپنے مختلف بیانات میں کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن بلکہ انہوں نے، جب بلوچستان نے 1996-97 میں بائیکاٹ کیا، وہ سپیچ میرے پاس نہیں ہے، تو اس میں کہا تھا کہ بلوچستان کی حکومت حالانکہ وہاں پر مختلف گروپس ہیں اور مختلف پارٹیز ہیں اور دو دو، چار چار اور ایک ایک پارٹی کے ممبران ہیں لیکن ان سب نے متحد ہوکر اپنے حقوق کے لئے جدوجہد کی اور آواز اٹھائی تو یہ ہم یہاں بھی کر سکتے تھے، ہم اس سے انکار نہیں کرتے لیکن یہ ہوا نہیں۔ چیف منسٹر صاحب نے بجٹ کے بعد جو پریس کانفرنس کی ہے اس میں انہوں نے کہا ہے کہ یہ نگرانوں نے کیا ہے 'Un-elected' لوگوں نے کیا ہے لیکن میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ Elected Government نے این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کا اعلان کیوں نہیں کیا، انکا اشارہ غالباً ہماری طرف تھا۔یہاں اس ہاؤس میں اس وقت کے فنانس منسٹر صاحب موجود ہیں وہ مجھے اس میں Bare out کریں گے کہ جب این۔ ایف۔ سی کمیشن کا اعلان ہوا اور میٹنگز ہوئیں تو ان میں یہ طے پایا تھاکہ اس پر مکمل Consensus ہونا چاہئے اور اس کے لئے انہی ممبران میں سے ایک کمیٹی بنائی گئی تھی اور انہیں کہا گیا تھا کہ۔ آپ۔ چاروں۔ صوبوں۔ میں۔ جائیں، وہاں۔ میٹنگز۔ کریں۔ اور۔ پھر۔ متفقہ Recommendations دیں تاکہ ایوارڈ کا اعلان کیا جا سکے۔ شاید اس کی ایک کاپی افتخار مہمند صاحب کے پاس ہو گی۔ چاروں صوبوں میں سب کچھ طے ہو گیا تھا، وہ In writing ہے اور اس پر انہوں نے دستخط بھی کئے ہیں اور اس کی آخری میٹنگ اس وقت کی

فنانس منسٹر جو کہ وزیر اعظم صاحبہ تھیں، کے ساتھ ہونے کے بعد اسکا اعلان ہونا تھا لیکن بد قسمتی سے اسمبلی Dissolve ہوگئی تو وہ سلسلہ وہیں کا وہیں رہ گیا۔ میں تو اب بھی یہی کہونگا کہ اس وقت جو آپس میں طے ہوا تھا اسے منظر عام پر لایا جائے کہ کیا کیا آپس میں طے ہو گیا تھا تاکہ لوگوں کو پتہ چل سکے اور یہ بھی پتہ چل سکے کہ اس وقت ایک چیز یہ بھی تھی کہ صوبے اور مرکز کا جو Ratio ہے اس میں رد و بدل ہو گا یا نہیں ہو گا۔ مجھے پتہ ہے کہ وہ 80 اور 20 کے حساب سے صوبوں اور مرکز کے درمیان محاصلات کی تقسیم کا ذکر ہے اور وہی میرا خیال ہے اس صوبے کے لئے اسود مند ہے لیکن یہ ضرورت کیوں پیش آئی کہ مرکز، ہماری حکومت کے آخری دنوں میں بہت سے اطراف سے یہ کہا جا رہا تھا کہ اس میں مرکز کو وسائل نہیں مل رہے لیکن ہم نے اس پر Resist کیا اور کہا کہ اس فارمولے کو کسی صورت میں بھی Change نہیں کرنا چاہئے۔ یہ ضرورت کیوں پیش آئی تو اس میں Main بات یہ تھی کہ گورنمنٹ کی Emphasis کسٹم ڈیوٹی اور اس سے ہٹ کر سیلز ٹیکس پر تھی اور اب بھی صورت حال وہی ہے اور یہ پالیسی تھی کہ کسٹم ڈیوٹی اور امپورٹ ڈیوٹیز کو کم کیا جائے اور سیلز ٹیکس کو بڑھایا جائے لیکن چونکہ سیلز ٹیکس Divisible Pool کا حصہ تھا اور یہ اگر DivisiblePool کا حصہ رہتا اور وہی فارمولا 80 اور 20 کا رہتا تو مرکز کو اس سے کم وسائل ملتے اور صوبوں کو زیادہ وسائل ملتے تو انہوں نے تجویز پیش کی کہ اس میں دو تین ٹیکسز اور شامل کر دیں اور اس فارمولا کو Change کر دیں۔ Divisible Pool میں آپ کا جو حصہ ہے وہ آپکو اتنا ہی ملے گا اور اس میں کسٹم ڈیوٹی وغیرہ کو اس کا حصہ بنایا گیا ہے اور ٹیکس کے Base کو فی الحال Expand کر دیا گیا ہے اور Ratio کو 62.5 Center اور 37.5 Provinces کیلئے مختص کیا گیا جس کے نتیجے میں ہمارے Resources میں کمی واقع ہوئی ہے اور مرکز کے Resources میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ بنیادی چیز ہے۔ جب تک کسٹم ڈیوٹی وغیرہ، اس کا Slack مزید نیچے نہیں لایا جاتا تو ایک یا دو سال تک صوبے کو شاید تھوڑی بہت اضافی رقم ملے لیکن جس Percentage سے ہمیں زیادہ ملنا چاہئے تھا، وہ Percentage اب کم ہو گئی ہے اور ایک فارمولا جو کہ طے شدہ فارمولا تھا اس میں Change لا کر اس صوبے کے ساتھ نا انصافی کی گئی اور آپ نے دیکھ لیا ہے کہ اس سال آپ کو Divisible Pool سے پچھلے سال کے مقابلے میں 1.07 billion کم پیسے مل رہے ہیں تو اس کا پہلا ریزلٹ آپ کے سامنے ہے۔ جناب سپیکر! چونکہ اس کے ساتھ

Net profit کا بھی تعلق ہے' Net profit کے لئے فورم تو دوسرا ہے لیکن این۔ ایف۔ سی میں اسے مجموعی طور پر لیا جاتا ہے کیونکہ یہ ہمارے وسائل ہیں اور وہ کہتے ہیں کہ آپ کے اتنے وسائل ہیں تو آپ Projection کے لئے اور آئندہ کے لئے آپ صوبے کو کس طریقے سے چلائیں گے تو اس کو ایک حصہ بنایا جاتا ہے اور این۔ ایف۔ سی ہر سال Net profit کی Projection دیتا ہے۔ اب اس این۔ ایف۔ سی ایوارڈ میں اور 1991 کے این۔ ایف۔ سی ایوارڈ میں فرق یہ ہے کہ 1991 کا جو این۔ ایف۔ سی ایوارڈ تھا اس میں ہمارے Net Profit کو Safeguard کیا گیا تھا۔ این۔ ایف۔ سی Projection کے مطابق Presidential Proclamation میں وہ اسکا حصہ تھا لیکن اس دفعہ بدقسمتی سے این۔ ایف۔ سی ایوارڈ کے Proclamation میں نہیں ہے اور یہ Arrears یا Net profit جو ہیں وہ اس لحاظ سے Protected نہیں ہیں۔ اس میں یہ تھا کہ اگر واپڈا نہ دے تو فیڈرل گورنمنٹ یہ Surety دے گی کہ وہ یہ Net profit صوبے کو دے لیکن وہ چیز اس Proclamation میں نہیں ہے۔ میں جو اخبارات میں دیکھ سکا ہوں تو اس کے متعلق جو کمیٹی تھی تو اس نے بھی اس چیز کا اظہار ضرور کیا ہے کہ یہ Protected نہیں ہے اور میرے خیال میں اگر اسے لاء ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھی بھیج دیا جائے تو وہ بھی کہیں گے کہ اسکو Protection نہیں ملی ہے۔ دوسری بات Development resources کی Distribution میں اس صوبے کو تھوڑا Edge دیا گیا ہے' اس صوبے کو اور بلوچستان کو اور اسے Resource Distribution Formula کہتے ہیں۔ 90% جو Resources ہوتے ہیں وہ پاپولیشن پر ہوتے ہیں اور دس فیصد میں سے پانچ فیصد صوبہ سرحد کو ملتا ہے اور پانچ فیصد صوبہ بلوچستان کو اور اسے اس دفعہ ختم کیا گیا ہے اور اس کی جگہ انہوں نے کہا ہے کہ ہم آپ کو Grant-in-Aid دیں گے اور Grant-in-Aid کل کو بند بھی ہو سکتی ہے' یہ Resource Distribution Formula تھا اور اس فارمولا کو اڑا دیا گیا ہے۔ اسمیں یہ دوسری غلطی ہے اور میں اس کی وضاحت کرنا چاہتا تھا۔ تیسری بات جس پر غالباً کمیٹی نے بھی غور کیا ہو گا اور وہ یہ ہے کہ ہمیں یہ Arrears کیسے ملینگے اور جو Projections ہیں آیا اسکے مطابق فیڈرل گورنمنٹ کی Surety ہے کہ یہ Arrears ہمیں ملیں گے؟ اور اس کے لئے غالباً انہوں نے چیف منسٹر صاحب سے بات بھی کی ہے اور ان سے کہا ہے کہ آپ فیڈرل گورنمنٹ سے اس کے لئے میٹنگ کریں اور اس بارے میں مکمل تسلی کر لیں۔ انہوں نے تین چار

باتیں کی تھیں۔ 96-1995 کے بجٹ میں 8 ہزار 5 سو کی Projection کی ۔ گئی تھی جو کہ این۔ ایف۔ سی کی Projection تھی اور وہ تیس جون تک ضرور ملنے چاہییں۔ آئندہ کے لئے جو طے شدہ فارمولا ہے سی سی آئی کا' اے۔ جی۔ این۔ قاضی کا فارمولا تو اس کے مطابق ہر سال مہینے کے مہینے ہمیں اپنے Net profits دیئے جائیں۔ اگر اس لحاظ سے تعین نہیں ہو سکتا تو اس آٹھ ہزار پانچ سو کو Bunch amount رکھ کر آئندہ کے لئے این۔ ایف۔ سی ایک Projection کر دی جائے جیسے کہ انھوں نے اس سال نو ہزار چار سو ملین کی Projection کی ہے تو حکومت اس کو یقینی بنائے اور یہ ضرور ہمیں ملنے چاہئیں اور اس سال کے جو آٹھ ہزار پانچ سو ہیں وہ بھی ملنے چاہییں اور اگر یہ تسلی آپ کو فیڈرل گورنمنٹ دیتی ہے تو پھر آپ ان سے ضرور تعاون کریں لیکن میں نے بجٹ کے Documents دیکھے ہیں جس سے اس سال ہمیں آٹھ ہزار پانچ سو ملنے کی توقعات نہیں ہیں اور آئندہ کے لئے بھی ہمارے پاس کوئی گارنٹی نہیں ہے کہ بجٹ میں جو نو ہزار چار سو پیش کیے جا رہے ہیں وہ ہمیں ملیں گے۔ ہم نے اپنے وقت میں 22 اکتوبر کو' اس سے پہلے اس وقت کے Economic Advisor V. A. Jaffery سے ہمارا یہی سلسلہ چلتا رہا اور ہم یہ شور کرتے رہے کہ یہ Arrears ہمیں دیئے جائیں جس کے نتیجے میں وی۔ اے۔ جعفری صاحب نے اس وقت کے فنانس منسٹر صاحب کو خط بھی بھیجا تھا اور وہ مختصر سا خط ہے میں پڑھ کر سنا دیتا ہوں۔

Dear Minister! This is to confirm that Ministry of Finance agrees to the adjustment of arrears on account of hydel use. The adjustment would be made on the basis of Auditor General's Report and if this is not available on timely basis, the adjustment should be carried out on a mutually agreed provisional basis. The adjustments would be given effect in the Federal Budget of 1997-98.

اگر اور کوئی بات نہیں تھی تو اسی خط کو بنیاد بنا کر ہم اپنے حقوق حاصل کر سکتے تھے اور یہ خط فنانس میں پڑا ہوا ہو گا اور I am sure کہ کمیٹی نے اس خط کو دیکھ کر ہی اپنی Recommendations دی ہونگی تو اس لحاظ سے ہمیں نقصان ہوا ہے کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میں اسکی آپ کو ایک مثال دیتا ہوں اور آگے چل کر شاید اس کا میں دوبارہ بھی ذکر کروں اور وہ یہ کہ سال اب ختم ہونے والا ہے اور ہمارے بھائیوں نے کہا ہے کہ یہ

Economically بد ترین سال تھا' خراب سال تھا' اس سال کے بجٹ میں جو موجودہ سال ہے' اس میں این۔ ایف۔ سی کے Projections دیے گئے ہیں جو 16.2 بلین روپے ہیں اور اس بد ترین سال میں جسے آپ اب بھی کہتے ہیں کہ Economic collapse ہے لیکن پھر بھی 16 ارب روپے ہمیں مل رہے ہیں اور یہ 1991 کے فارمولے کے تحت مل رہے ہیں۔ اب Next year سرتاج عزیز صاحب کہتے ہیں ہم نے Structure ' جو ٹیکس ریفارم کئے ہیں تو اس سے ہمارا Base بڑھے گا' اس سے ہماری آمدن میں اضافہ ہو گا تو اب ہمیں 15 بلین مل رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ جو نیا فارمولا ہے یہ Defective ہے اور اس سے ہمارے وسائل میں کمی آئی ہے۔ میں بتانا چاہتا تھا کہ ہم اس میں آپ کی مدد اس لحاظ سے کرتے ہیں کہ یہ صوبے کی بہتری کے لئے ہے اور اس میں جو اعداد و شمار بتائے گئے ہیں اگر وہ غلط ہوں تو مجھے Correct کیاجا سکتا ہے لیکن میں نے Purely مختلف Documents سے یہ اعداد و شمار لئے ہیں اور ہم اس سے Political milage حاصل نہیں کرنا چاہتے۔ میں حکومت کو ضرور یہ اشارہ بھی دوں گا کہ اگر واپڈا کو پرائیویٹائز کیا گیا جو کہ اب Cost پر ہے کیونکہ اس دفعہ واپڈا' پی۔ ٹی۔ سی وغیرہ کو Independent بنا دیا گیا ہے تو اس لئے کہ اس کو Viable بنا کر پرائیویٹائز کیا جائے۔ اگر یہ کیا گیا تو آپ کے Net profits اس سے بھی کم ہو جائیں گے۔ مکمل پرائیویٹائز تو ہو نہیں سکتا لیکن جو جو حصے Profitable ہیں وہ اگر پرائیویٹائز ہو گئے تو آپ کے Net profits میں مزید کمی ہو گی تو اس کے لئے میں آپکو ضرور Warning دینا چاہتا ہوں۔ تو یہ تھا این۔ ایف۔ سی جسکے بارے میں میں کم از کم یہ کہتا ہوں کہ یہ صوبے کے مفادات کے ٹوٹل منافی ہے اور اس سے اس صوبے کو In the long run بہت نقصان ہو گا اور ہماری آنے والی نسلیں اور اس کے بعد جو اسمبلیاں آئیں گی وہ کہیں گی کہ اس اسمبلی نے یا اس حکومت نے یا اس وقت کی جو اپوزیشن تھی' انہوں نے اس پر صحیح غور نہیں کیا تو اسلئے میں اپنے حکومتی بینچز کے بھائیوں کو یقین دلاتا ہوں کہ ہم انکے ساتھ ہیں لیکن اسکا سد باب ضرورکیا جائے۔ اب جناب میں آتا ہوں فیڈرل بجٹ کی طرف چونکہ بجٹ سپیچ میں فیڈرل بجٹ اور اکنامی کیطرف اشارہ کیا گیا ہے اور بیگم صاحبہ نے بھی' جب وہ لیڈر آف دی اپوزیشن تھیں' نے بھی یہ کہا تھا کہ اگر ہم یہ کہہ لیں کہ مرکز میں جو بجٹ پیش ہوا اس بجٹ کا صوبے کے بجٹ پر کوئی اثر نہیں پڑیگا تو یہ ایک بہت ناجائز سی بات کرینگے۔ صوبے کا بجٹ اور مرکز کا بجٹ

دونوں لازم و ملزوم ہیں اس لئے میں اس فیڈرل بجٹ کے بارے میں ضرور بات کرونگا۔ حسب معمول نواز شریف صاحب نے پچھلے دور حکومت میں جو طریقہ کار اختیار کیا تھا وہی طریقہ کار اب دوبارہ شروع کر دیا ہے اور Bank borrowings پر انحصار کیا ہے۔ سرتاج عزیز صاحب کی سپیچ سب نے سنی ہوگی کہ جو Gap ہے 136 بلین کا اس میں ٹیکس کے رد و بدل سے 07 بلین اور 03 بلین پی ٹی سی سے زیادہ منافع کے طور پر حاصل ہوگا جس کا ٹوٹل 10 بلین بنتا ہے۔ 126 بلین انہوں نے Bank borrowings اور Non-Bank borrowings سے' Non-Bank borrowings یہ ہوتا ہے کہ اسمیں آپ بانڈز ایشو کریں اور اس سے پیسے حاصل کریں یہ Non-Bankborrowings ہے اور Bank borrowings direct ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ سٹیٹ بینک نے 54 بلین کا ہمارا Ceiling رکھاہے اور ہم 54 بلین ان سے لینگے تو یہاںمیں دوبارہ بیگم صاحبہ کی اس سپیچ کا ضرور حوالہ دونگا جہاں انہوں نے یہ اعتراف کیا کہ یہ باقی 30 ملین جو ہیں یہ ہم نے قرضے لئے ہیں اور جس بجٹ میں قرضہ آجاتا ہے تو وہ بجٹ خسارے کا بجٹ ہوتا ہے اور اسکو آپ پھر Surplus budget نہیں کہہ سکتے اور نہیہ عام آدمی کا بجٹ ہوتا ہے' یہ بیگم صاحبہ کی تقریر تھی اسی اسمبلی کے فلور آف دی ہاؤس پرتو Bank borrowings جب آپ 126 بلین روپے کےلیں گے اور اسمیں سے 54 بلین بینک کے اور باقی رقم جو ہے وہ آپ بانڈز اور بیئرر سرٹیفیکیٹس سے حاصلکریں گے یعنی Non-bank borrowings سے تو آپ خود اندازہ لگائیں کہ یہ خسارے کا بجٹ ہے یا Surplus budget ہے۔ یہ بجٹ بنا ہی ان قرضوں پر ہے تو جب آپ اتنے زیادہ قرضے لینگے تو اس سے Inflation بڑھے گی' Inflation بڑھے گی تو قیمتیں بھی بڑھیں گی اور اس سے عام آدمی کے بوجھ میں اضافہ ہوگا اور جیسے کہ کہا گیا کہ ہم نے ٹیکسز نہیں لگائے لیکن یہ طریقہ کار ہے Indirect taxes لگانے کا۔ جب Inflation بڑھتی ہے تو یہ زیادہ Pinch کرتی ہے۔ ایک ٹیکس جب لگ جاتا ہے تو ایک عام شخص کو یہ اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ ٹیکس لگ گیا ہے تو چلو اس چیز کی قیمت دو روپے سے تین روپے ہو گئی ہے لیکن جب Inflation بڑھتا ہے اور آپ ایک دن ایک چیز دکان سے دو روپے کی لیں اور دوسرے دن جائیں اور وہ کہے کہ یہ تین روپے کی ہو گئی ہے تو لوگ زیادہ اشتعال میں آجاتے ہیں کہ بھئی' کل یہ دو روپے کی تھی آج تین روپے کی کیسے ہو گئی۔ یہ Inflationary trend جو بڑھ گیا ہے تو میرے اندازے کے مطابق اب بھی جو فگرز

دیئے گئے ہیں کہ Total expenditure 552 billion اور Total resources 487 billion یہ بھی غلط ہیں۔ Expenditure اس سے زیادہ ہے، آمدن اس سے کم ہوگی اور یہ خسارہ دو سو بلین روپے کا ہوگا جس سے آپکا Deficit جو ہے وہ 7% تک پہنچ جائے گا اور ساتھ ہی ساتھ وہ Projections دیتے ہیں کہ ہم Economic growth کو 6% پر لائیں گے، Agriculture growth کو 5% پر لائیں گے، انڈسٹریز کی Growth کو 7% پر لائیں گے، Export estimates 15% بڑھیں گے، Inflation کو 9% پر لائیں گے اور Fiscal deficit کو ہم 5% پر Complain کریں گے یہ Projections بالکل Un-realistic ہیں، یہ نہیں ہونگی اور آپ دیکھیں گے کہ چند ہی مہینوں میں مختلف چیزوں پر ٹیکس لگائے جائیں گے، منی بجٹ آئیں گے اور ان Projections کو تبدیل کیا جائے گا اور ان میں رد وبدل لایا جائے گا۔ آج میں نے یہ بات کی ہے اور آپ دو تین ماہ بعد دیکھیں کہ کیا صورتحال بنتی ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ انہوں نے Retail tax کے بارے میں کہا ہے تو Retail tax کو ٹریڈرز نے پہلے ہی نامنظور کر دیا ہے اور آج میں نے اخبار میں بھی پڑھا ہے کہ حکومت نے اسکو فی الحال موخر کر دیا ہے۔ اب اس بجٹ میں جو ایک انفرادیت ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے واپڈا، پی ٹی سی، سوئی گیس اور پیٹرولیم پراڈکٹس کو الگ الگ کر دیا ہے اور ان سے کہا ہے کہ آپ اپنے لئے آمدن بھی ڈھونڈیں اور اپنے اخراجات بھی اس کے مطابق ہی کریں۔ پہلے فیڈرل گورنمنٹ انکو کنٹرول کرتی تھی لیکن اب جبکہ انکو کنٹرول سے نکال دیا ہے تو فیڈرل گورنمنٹ تو کہے گی کہ ہم نے ٹیکسز نہیں لگائے تو اب واپڈا اپنی Prices خود بڑھائے گی۔ سوئی گیس والوں نے پہلے سے ہی اضافہ کر دیا ہے اور اب اسمیں مزید اضافہ کرینگے۔ اسی طریقے سے پی ٹی سی والوں کے تو ایکسائز ڈیوٹی میں کمی آئی ہے لیکن بعد میں کالز میں اضافہ کیا جائے گا کیونکہ اسے پرائیویٹائزیشن کے لئے Viable بنایا جا رہا ہے اور اسی طرح سے پیٹرولیم کی پراڈکٹس ہیں، پیٹرولیم پراڈکٹس میں ایک خطرناک پہلو یہ ہے کہ اس کے پہلے اشتہارات بھی آئے تھے کہ Zoning کے بارے میں سوچ رہے ہیں یعنی اس کے مختلف زون بنائے جائیں گے۔ شاید سکھر تک ایک زون ہو، ملتان تک دوسرا زون ہو اور ہر ایک زون کے لئے پیٹرول کی قیمت مختلف ہوگی۔ Transportation کا جو کرایہ ہے اسے سامنے رکھ کر مختلف جگہوں پر اسکے مختلف نرخ ہونگے تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اس صوبے کے ساتھ زیادتی ہوگی کیونکہ یہ Locational ہمارے لئے Dis-advantage

ہے جس سے اس صوبے کو سب سے زیادہ نقصان پہنچے گا تو اس پر بھی فیڈرل گورنمنٹ کیساتھ ضرور بات کرنی چاہیے کیونکہ یہ ہمارے لئے نقصان دہ ہے۔ جب قیمتیں بڑھیں گی تو پھر فیڈرل گورنمنٹ کہے گی کہ ہم نے تو قیمتیں نہیں بڑھائیں لیکن یہ مزید بڑھیں گی اور ہر مہینے بڑھیں گی اور میں یہ بھی بتا دوں کہ لوگوں میں اتنی سقت نہیں ہے کہ وہ واپڈا کو دو مہینوں کے اکھٹے بل ادا کرسکیں تو اس لحاظ سے یہ ایک مشکل ترین دور ہے اور اس پر بڑی سنجیدگی سے غور کرنا چاہیے اور یہ خوشی نہیں منانی چاہئے کہ بجٹ پاس ہوگیا ہے اور ہم نے ایک ریکارڈ بجٹ پیش کیا ہے لیکن کل آپ اسکے اثرات بھی دیکھیں گے اور وہ اثرات اچھے نہیں ہونگے۔

جناب سپیکر! اب میں پراونشل بجٹ کی طرف آتا ہوں جس میں کہا گیا ہے کہ کوئی ٹیکس نہیں لگایا گیا، سرپلس بجٹ ہے اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بہت کچھ کیا گیا ہے۔ میں سب سے پہلے یہ ثابت کرنے کی کوشش کروں گا کہ یہ بجٹ Deficit budget ہے۔ میں بیگم صاحبہ سے معافی چاہتا ہوں کہ ان کی تقریر کی طرف میں دوبارہ اشارہ کرنا چاہوں گا۔ بیگم صاحبہ نے کہا تھا کہ جس بجٹ میں وہ رقم جو ہمیں مرکز سے منافع کی شکل میں ملتی ہو اور وہ رقم ہمارے ہاتھ میں نہ ہو اور اسے ہم بجٹ میں Reflect کریں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ رقم ہمارے پاس نہیں ہے اور جتنی رقم ہم نے Reflect کی ہے ہر پروگرام میں تو یہ خسارہ ہے کیونکہ یہ رقم ہمارے پاس نہیں ہے۔ میں اس بجٹ کو ایک Deficit budget سمجھتا ہوں کیونکہ اس بجٹ میں Net profit 9423 million project کیا گیا ہے جبکہ آپ کو 6000 ملین ملے گا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ 3423 ملین یعنی 3.4 بلین کا یہ ایک خسارہ ہوا۔ اگرکوئی ہمیں آن دی فلور آف دی ہاؤس یہ تسلی دے کہ یہ 9423 ملین ہمیں ملیں گے تو میں اپنے الفاظ واپس لیتا ہوں۔

(قہقہے) تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ، اگر آپ وائٹ پیپر دیکھیں تو آپ کی جو Receipts ہیں، وہ آپ نے 30297 ملین یعنی 30 ارب روپے دکھائی ہیں اور اگر ان میں سے یہ 3.4 ارب نکال دیں تو آپ کے پاس رہ جاتے ہیں 26874.047 ملین تو یہ آپ کے وسائل ہوئے اور دوسری طرف آپ کے جو اخراجات ہیں، وہ 30297.047 ملین ہیں تو یہ آپ خود دیکھ لیں کہ آپ کی Receipts کم ہیں اور اخراجات زیادہ ہیں تو اس لحاظ سے 3.4 بلین کا یہ فرق آیا ہے اور پھر لازمی بات ہے کہ جب فیڈرل گورنمنٹ میں Borrowings کا رجحان ہے تو یہاں پرکیوں نہ ہو۔ ہم نے اے ڈی پی کیلئے کوئی رقم نہیں رکھی اس لحاظ

سے کہ یہ 30 بلین آپ کے اخراجات ہیں' اس میں سے 4 بلین نکال لیں تو 26 بلین آپ کے پاس رہ جاتے ہیں جس سے Non-development expenditure پورے نہیں ہوتے تو اسے ڈی پی کیلئے کوئی پیسہ نہیں ہے۔ اسے ڈی پی کیلئے اڑھائی ارب روپے کا ایک Loan لیا گیا ہے' Borrowing کی گئی ہے اور ساتھ ہی 1.9 ارب روپے کے Foreign assistance loans ہیں' تو وہ اڑھائی ارب اس کے ساتھ ملا لیں اور ساتھ ہی اسے ڈی پی میں 250 ملین کی جو Short fall دکھائی گئی ہے تو ان تینوں کو آپ ملا لیں تو یہ 7173 ملین کا خسارہ بن جاتا ہے تو یہ صورتحال ہے جو آپ کے سامنے ہے اور میں نے فگرز انہی کتابوں سے لئے ہیں۔ ہمارے چیف منسٹر صاحب کہتے ہیں کہ یہ Soft loan ہے۔ Soft loan اس لحاظ سے نہیں ہے کہ یہ 10 % پر ہے۔ چار پانچ پرسنٹ یہ بتاتے ہیں اور کچھ فارن ایکسچینج کی وجہ سے یہ 10 % بنے گا۔ ان Loans کیساتھ اور Conditonalities بھی ہیں' یہ Loans بغیر شرائط کے نہیں ہیں۔ میرا خیال ہے کہ فیڈرل گورنمنٹ نے آئی ایم ایف سے بہت کچھ سیکھا ہے ۔آئی ایم ایف والے Conditionalities لگاتے ہیں اور انہوں نے یہاں Conditionalities لگائی ہیں۔ ان میں سے ایک Conditionality اس لحاظ سے خطرناک ہے کہ آپ نے پندرہ کروڑ روپے ایگریکلچر ٹیکس سے حاصل کرنے ہیں اور یہ Surety پراونشل گورنمنٹ نے دی ہے تب انہیں یہ Loan ملا ہے۔ پندرہ کروڑ روپے اس صوبے کیلئے بہت بڑی رقم ہے۔ یہاں اگر آپ پانچ ایکڑز پر بھی ٹیکس لگائیں تو تب بھی یہ پندرہ کروڑ روپے آپ حاصل نہیں کر سکتے۔ ہم نے تجربہ کیا ہے اور یہ ہو ہی نہیں سکتا لیکن انہوں نے ان سے وعدہ کیا ہے اور انہوں نے ان پندرہ کروڑ روپےکو اپنی Revenue receipts میں Depict کیا ہے۔ ہم ایگریکلچر ٹیکس کے Against نہیں ہیں کیونکہ ایک لحاظ سے ہم نے اسے اس صوبے میں Introduce کیا ہے لیکن اس سطح پر جہاں آپ کے پنجاب میں بھی شور ہو رہا ہے اور سندھ میں بھی شور ہو رہا ہے اور یہاں ہمارے پاس تو زمینیں ہی نہیں ہیں' ہمیں تو اپنے زمینداروں کو Incentive دینا چاہئے لیکن آپ نے زمینداروں پر ٹیکس لگا دیا ہے۔ آپ آبیانہ بھی ہر سال زیادہ کریں گے' وہ ایک الگ موضوع ہے کیونکہ نیشنل ڈرینج پراجیکٹ چاروں صوبوں نے مان لیا ہے جس کی وجہ سے ہر سال 25 % آبیانہ آپ کو زیادہ کرنا پڑے گا تو یہ ایک اور نقصان ہے تو اس لحاظ سے بھی یہ Loan strings کے ساتھ ہے۔ یہ Soft loan نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ Strings ہیں۔تو آپ دیکھیں کہ یہ

خسارے والا بجٹ ہے کیونکہ 7.173 ارب روپے کے خسارے کی نشاندھی میں نے آپ کے سامنے کر دی ہے۔ پراونشل بجٹ کے بارے میں ہم پر الزام لگایا گیا ہے کہ وسائل کم تھے، خرچے زیادہ کئے ہیں اور وسائل میں کوئی اضافہ نہیں کیا تو میں آپکو یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہمارے تین سالہ دور میں صوبائی وسائل میں تقریباً ایک بلین روپے سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ ان تین سالوں میں اس صوبے میں جہاں ٹیکس کی Base بہت کم ہے، ہم نے ٹیکسوں میں ایک بلین روپے سے زیادہ کا اضافہ کیا ہے۔ آپ Pages 19 and 20 of White Paper دیکھیں تو 94-1993 میں ہمارے صوبے کے ٹوٹل وسائل 17785 ملین روپے تھے جو 97-1996 میں بڑھکر 28029 ملین روپے ہوگئے یعنی ان تین سالوں میں جہاں اس صوبے کے ٹوٹل وسائل اور Resoruces، جو آپ Collect کرتے ہیں تو یہ ٹوٹل تین بلین ہیں اور اس سال جو Collection ہوئی ہے وہ تین بلین کی ہوئی ہے۔ ہم نے ان تین سالوں میں Taxes and Non-taxes یا جو Resources ہیں ان میں ایک بلین سے زیادہ کا اضافہ کیا ہے تو آپ خود بتائیں کہ جب ایک بلین تین سالوں میں اضافہ ہو تو آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ ہم نے وسائل پیدا نہیں کئے اور اس صوبے کی صحیح Governance نہیں کی۔ ہماری Governance کی ورلڈ بینک اور باقی جتنے بھی ایسے Foreign aided ادارے ہیں سب نے تعریف کی ہے کہ یہاں پر Governance ہے اور Good Governance ہے تو یہ ایک مثال تھی جو میں نے آپ کے سامنے پیش کی کیونکہ بار بار کہا جا رہا ہے کہ انکے پاس وسائل نہیں تھے اور انہوں نے وسائل کے بغیر اخراجات کئے ہیں۔ دوسری بات جو کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے اپنی تقریر میں بھی کی اور مختلف جگہوں پر بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ Non development اخراجات میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ Non development expenditure میں اضافہ ہوا ہے لیکن کن وجوہات کی بنا پر ہوا ہے، وہ میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔ ان میں نمبر ایک Debt servicing ہیں جو کہ اب چھ بلین تک پہنچ چکے ہیں اور اسمیں ہماری غلطی نہیں ہے، ایک آپ کے C. D. L. Loans ہیں، چاہے وہ SAP TIED ہیں یا فیڈرل گورنمنٹ نے آپ کو دیئے ہیں، اگر انکے آپ چارٹس دیکھیں تو یہ C. D. L. Loans شروع میں سات یا آٹھ پرسنٹ پر آپ کو مل چکے ہیں لیکن اب آپ کو یہی C. D. L. Loans 16.76% پر مل رہے ہیں۔ میں آپ کو فگرز بتا دیتا ہوں کہ یہ Loans جو ہیں، (Page-56) دیکھیں کہ 74-1973 میں 9.2% پر مل رہے تھے اور اب 97-1996 میں بڑھ 16

76% پر آپ کو مل رہے ہیں۔ اسی طریقے سے SAP TIED جو Cash Development Loans ہیں وہ بھی 16.76% پر آپ کو مل رہے ہیں تو لازمی بات ہے کہ اس لئے آپ کے جو Non developmental اخراجات ہیں وہ بڑھیں گے کیونکہ Loans کا جو مارک اپ ہے وہ اتنا زیادہ ہے کہ فنانس منسٹر نے خود کہا ہے کہ ہم اس سال چھ ارب روپے Debt servicing میں دینگے۔ دوسری بات Salaries کی ہے۔ کہتے ہیں کہ ملازمین کی تعداد کیوں بڑھا رہے ہیں، ملازمین کو بڑھانا پڑتا ہے کیونکہ جب آپکی Development out lay پھیل جائے خصوصاً پرائمری ایجوکیشن میں، پرائمری ہیلتھ کیئر میں تو، SAP-I and SAP-II Programme کی وجہ سے ہر سال تین، چار، پانچ ہزار سکول بنتے رہیں گے اور ان میں مزید اضافہ ہی ہوگا تو اس کے لئے آپ نے ٹیچرز رکھنے ہیں، چوکیدار رکھنے ہیں۔ اس طرح بی ایچ یوز میں آپ نے ڈاکٹرز رکھنے ہیں، ٹیکنیشنز رکھنے ہیں اور اسی طرح کی دوسری چیزیں ہیں تو ان سب کو آپ سامنے رکھیں گے۔ اگر آپ کا Development out lay بڑھے گا تو اس سے آپ کے Non developmental خرچے پورے ہونگے لیکن ایک بات ضرور ی ہے کہ اس کیلئے ایسا طریقہ کار اپنایا جائے کہ یہ توازن برقرار رہے اور اسی لئے جب ہم حکومت میں تھے تو ہم نے ایجوکیشن سیکٹر کے پرائمری ایجوکیشن میں بھی معمولی سی فیس رکھی تھی تاکہ لوگوں کو احساس ہوکہ یہ سکول ایسے نہیں بن رہے۔ اس وقت لوگوں نے شور مچایا تھا کہ جی دیکھیں بچوں پر انہوں نے فیس لگا دی ہے۔ جو User charges ہیں وہ اب بھی ختم نہیں کئے گئے ہیں، موجودہ حکومت نے ان کو برقرار رکھا ہے بلکہ اس میں مزید اضافہ کیا ہے۔ جب حکومت میں ہوتے ہیں تو ایک طرح باتیں ہوتی ہیں اور جب اپوزیشن میں ہوں تو دوسری طرح کی لیکن ہم اب بھی اس کی مخالفت نہیں کرتے (تالیاں) وہ User charges جو سکول کے بچوں پر لگایا گیا تھا، وہ اب بھی برقرار ہے اور اس سے آپ کو 14 کروڑ روپے مل رہے ہیں لیکن یہ الگ بات ہے کہ ہسپتالوں میں جو User charges لگائے گئے ہیں، میں ان سے متفق نہیں ہوں، خصوصاً بڑے ہاسپیٹلز میں۔ جب آپ داخلہ چٹ لیتے ہیں تو پچاس روپے ایک غریب آدمی کیلئے بہت بڑی رقم ہے، یہ بہت زیادہ ہیں اور میں اس سے متفق نہیں ہوں، پانچ دس روپے اس میں ایڈمشن کے شامل کرلیں تو یہ پچاس روپے تک بن جاتے ہیں، وہاں پر علاج معالجے کی جو مختلف سہولتیں ہیں اور ان پر جو چارجز لگائے گئے ہیں وہ ایک غریب کیلئے حد سے زیادہ ہیں تو میں اس سے اتفاق نہیں کرتا، تو ان چیزوں کی وجہ سے

اخراجات میں اضافہ ہوا ہے ۔ ہم نے اس وقت بھی 20 % across the board
non-developmental expenditure پر Cut اسلئے پیش کیا تھا کہ ہم چاہتے تھے کہ
